روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28......شمارہ نمبر 33 بروز پیر 2 نومبر 2026ء 21 جمادی الاول 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، میر سلیم کھوسہ

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے آئندہ بجٹ میں مواصلات و تعمیرات کے لیے خطیر رقم رکھی گئی ہے جو عوام کے مفاد عامہ پر استعمال کی جائے گی عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے

بختیار آباد کے علاقے میں ایس ایس پی بولان کی گاڑی ٹائر پھٹنے سے الٹ گئی

کوئٹہ (آن لائن) بختیار آباد کے علاقے میں ایس ایس پی بولان کی گاڑی ٹائر پھٹنے سے الٹ گئی جس کے نتیجے میں ان کے گارڈ سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی بولان کی فیملی گاڑی میں بولان کی طرف جارہی تھی کہ بختیار آباد کے علاقے میں گاڑی ٹائر پھٹنے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہوکر الٹ گئی جس کے نتیجے میں گارڈ سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے گاڑی میں ان کی فیملی بھی سوار تھی ایک زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کیلئے سکھر ریفر کر دیا گیا۔

برٹن ووڈز کے مالیاتی اداروں میں منصفانہ اور مساوی نمائندگی کے حامی ہیں، ترقی پذیر ممالک کو سستے اور بروقت ترقیاتی مالی وسائل کی فراہمی اولین ترجیح ہوگی، قرضوں کے پائیدار حل اور عالمی مالیاتی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانے پر توجہ ہوگی

جی 24 کی صدارت پاکستان کے سپرد، پاکستان نے چیئرمین شپ سنبھالی

ترقی پذیر ممالک کی فیصلہ سازی میں مؤثر نمائندگی یقینی بنانا ہوگی عالمی اقتصادی پالیسی سازی میں ترقی کو مرکزی حیثیت دینا ہوگی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، تین اہم ترجیحات کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) ترقی پذیر ممالک کی تنظیم جی 24 کی صدارت پاکستان کے سپرد، کیم نومبر 2026ء سے پاکستان نے چیئرمین شپ سنبھال لی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی طرف سے عالمی مالیاتی نظام کو زیادہ منصفانہ، جامع اور ترقی پر مبنی بنانے کا عزم ظاہر کیا اور کہا کہ ترقی پذیر ممالک کی فیصلہ سازی میں مؤثر نمائندگی یقینی بنانا ہوگی، عالمی اقتصادی پالیسی سازی میں ترقی کو مرکزی حیثیت دینا ہوگی۔ انہوں نے نائیجیریا کی سابقہ قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جی 24 کی پیش رفت جاری رکھنے کا عزم کیا وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ترقی پذیر معیشتوں کی اجتماعی آواز مضبوط بنانے پر زور دیا اور کہا کہ عالمی اقتصادی پالیسی سازی میں ترقی کو مرکزی حیثیت دینا ہوگی۔ پاکستان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزیر اعظم شہباز شریف کا پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت




اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت۔ اسے عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے مؤثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پاکستان کرکٹ بورڈ اور ٹیم مینجمنٹ کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، صدر زرداری



اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے سہ ملکی ون ڈے کرکٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھلاڑیوں نے بہترین کھیل، محنت اور مثالی ٹیم ورک کا مظاہرہ کرکے کامیابی حاصل کی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

موجودہ نظام نہیں چل سکتا، انتظامی یونٹس میں جتنی دیر ہوگی اتنا زیادہ نقصان ہوگا: مصطفیٰ کمال



کراچی (کامرس رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے اس بات کو تسلیم کرتا ہوں، خون جلا کر اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ کراچی کے لیے فریاد کرنا چھوڑ دیں، کسی کو فرق نہیں پڑتا البیان کراچی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)



مسلم لیگ (ن) کے سینئر سیاستدان ملک سلطان محمود ہنجرا وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں

ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسیز ہیں، افغانستان میں متعدد عالمی دہشت گرد تنظیمیں موجود ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

افغان طالبان نے دہشتگردی کی حمایت بند نہ کی تو سنگین قیمت چکانا پڑے گی، پاک فوج

بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے، افغان طالبان بھارتی پراکسی ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا رائٹرز کو انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے جبکہ افغان طالبان رجیم بھارتی پراکسی کے طور پر کام کر رہا ہے۔ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسیز ہیں۔ پاکستان کا افغان طالبان سے واضح مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی حمایت بند (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

قطر سے گیس آرہی ہے، دسمبر، جنوری میں وافر سپلائی جاری رہے گی: علی پرویز ملک

غریب لوگوں کے لیے سبسڈی والا پیٹرول فراہم کر رہے ہیں، وفاقی وزیر پیٹرولیم کا خطاب

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ قطر سے گیس آرہی ہے، دسمبر، جنوری میں وافر سپلائی جاری رہے گی۔ لاہور میں نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورت غیر یقینی ہے جس کی وجہ سے تیل اور گیس کی قیمتوں پر اثر پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

خروٹ آباد پولیس نے منشیات برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) خروٹ آباد پولیس نے منشیات برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی میں ایس (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں، حاجی محمد خان لہڑی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبے کے تمام علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی اور بلوچستان کی ہمہ جہت ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

حکومت کا نیا پیٹرول فارمولا، ریفائنریز کے اپ گریڈ منصوبے خطرے میں پڑ گئے

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) حکومت کے نئے پیٹرول فارمولے کے باعث ریفائنریز اور اربوں ڈالر کے اپ گریڈ منصوبے خطرے میں پڑ گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی جانب سے پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا فارمولا اچانک تبدیل کرنے کے فیصلے سے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بلوچستان کے 31 اضلاع میں انسداد پولیو مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی، انعام الحق

انسداد پولیو مہم کے لیے 8 ہزار 888 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں بلوچستان میں نومبر 2025 کے بعد پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا

سول سوسائٹی کے نمائندوں پر بھی زور دیا کہ وہ عوام میں آگاہی پیدا کریں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے 31 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے سات روزہ مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق کے مطابق مہم کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ صوبے بھر میں بچوں تک رسائی یقینی بنا (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان جاپان سے آئے وفد کے سربراہ مسٹر عرفان صدیقی کو شیلڈ دے رہے ہیں

پنجاب حکومت کی کسان دوست اسکیمیں زرعی انقلاب کا باعث بنیں گی، وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ و مشیر وزیر اعظم

ایران پر پابندیاں ختم ہونے سے پٹرول سستا ہونے کی امید ہے، رانا ثناء اللہ

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل خطے میں امن کے قیام اور جنگ بندی کیلئے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہے ہیں، خطاب، گفتگو


ملک میں جو مہنگائی ہے، اس میں ہمارا قصور نہیں ٹرمپ کا قصور ہوسکتا ہے، امریکا ایران دونوں کی منت کی کہ جنگ ختم کریں

فیصل آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ اور وزیر اعظم پاکستان کے مشیر رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ ایران پر پابندیاں ختم ہونے سے پٹرول سستا ہونے کی امید ہے۔ خطے میں جاری کشیدگی سے دنیا بھر کی معیشت متاثر ہو رہی ہے، پاکستان کو بھی مختلف مسائل کا سامنا ہے، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل خطے میں امن کے قیام اور جنگ بندی کیلئے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہے ہیں، پنجاب حکومت کی کسان دوست اسکیمیں زرعی انقلاب کا باعث بنیں گی۔ گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



ساکران: حسن پیر ساکران شمولیت جلسے میں ایک خوبصورت بچی میر علی حسن زہری سے والہانہ محبت کا اظہار کر رہی ہے





صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ تحصیل جھل مگسی میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

لاپتہ ہوکر دہشت گرد تنظیموں میں شمولیت اختیار کرنے اور غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہونے والوں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں

بلوچستان کے غیور عوام کا فتنہ الہندوستان سے شدید نفرت کا اظہار، دہشتگردوں سے لاتعلقی کا اعلان

مستونگ سے تعلق رکھنے والے دہشت گرد یونس شاہوانی کے اہلخانہ نے بھی اس کے کسی عمل سے خود کو الگ کرلیا، اہل خانہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے غیور عوام نے فتنہ الہندوستان سے شدید نفرت کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردوں سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا ہے۔ کوئٹہ میں دہشت گرد جہانزیب، نور زیب، انور، مجیب، قاسم اور عبید اللہ سے ان کے اہلخانہ نے لاتعلقی کا اعلان کر دیا مستونگ سے تعلق (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

یوم اقبال! وفاقی و صوبائی سرکاری ملازمین کیلئے 3 تعطیلات کی خوشخبری

وفاقی محکموں میں ہفتہ وار بنیادوں پر ہفتہ اور اتوار 7 اور 8 نومبر کو چھٹی ہوتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) یوم اقبال! وفاقی و صوبائی سرکاری ملازمین کے لیے 3 تعطیلات کی خوشخبری۔ حکومت پاکستان کی جانب سے 9 نومبر کے موقع پر عام تعطیل کے اعلان کے بعد سرکاری ملازمین کے لیے مسلسل تین چھٹیوں کا بہترین موقع پیدا ہوگیا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

اپنی 2 سالہ مدت پوری ہونے کے بعد موجودہ کابینہ کو تحلیل کرنے کا اعلان کرتا ہوں، یونس زہری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سول سیکرٹریٹ ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری نے کہا ہے کہ ہم نے اپنے چار سالہ دور میں ملازمین کی فلاح و بہبود کے علاوہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

آٹے کی قیمتوں میں استحکام کے لیے حکومت فوری اقدامات کرے، عبدالرحمٰن رفیق

صوبائی حکومت کی بے حسی اور انتظامی ناکامی نے عوام کو مشکلات میں دھکیل دیا، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149 واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149 واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کی مناسبت سے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے دو بحری جہازوں کی آمد

دو جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کے پی ٹی کی آپریشنل صلاحیت کا مظہر ہے، جنید انوار

کراچی (آن لائن) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے دو بحری جہازوں کی آمد ہوئی۔ دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی برتھ فراہم کی گئی۔ کراچی پورٹ نے ایک لاکھ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

صفر گیس استعمال پر کوئٹہ کے خالی مکان کو 44 لاکھ روپے کا بل جاری

متاثرہ صارف کا سوئی سدرن حکام سے بل کی فوری جانچ کا مطالبہ، صفر میٹر ریڈنگ پر بھاری بلنگ نے سوئی سدرن کے نظام پر سوالات اٹھا دیے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی بلنگ کا ایسا حیران کن معاملہ سامنے آیا ہے جس نے صارف کو پریشان کرنے کے ساتھ شہریوں کو بھی حیرت میں ڈال دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وزیر مواصلات حکام کے ہمراہ کمال پور انٹرچینج پہنچ گئے، فیصل آباد، پنڈی بھٹیاں موٹروے توسیعی منصوبہ کا دورہ، تعمیراتی کاموں کا جائزہ

عوام کو نئے سال کے آغاز پر ایم 4 موٹروے کا تحفہ دیں گے، وزیر عبدالعلیم خان

موٹروے پولیس جوانوں کی شہادت ہوئی، ایم 4 کی توسیع سے حادثات سے بچیں گے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ، پنڈی بھٹیاں ایم 4 موٹروے کا توسیعی منصوبہ جلد از جلد مکمل کر کے آئندہ ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کی جائے، موٹروے ایم 4 کو سٹیٹ آف دی آرٹ شاہراہ بنایا جائے گا، فیصل آباد کے لئے 30 سال سے زیر التوا اس دیرینہ مطالبے کو پورا کر دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے فیصل آباد، پنڈی بھٹیاں موٹروے توسیعی منصوبہ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

جی 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے: صدر زرداری

پاکستان جی 24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے مؤثر انداز میں استعمال کرے گا

صدر زرداری کا پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ جی 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ ایوان صدر (میڈیا ونگ) سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

کوئٹہ میں ایل پی جی 650 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی، شہری پریشان

ایران بارڈر کی بندش سے ایل پی جی بحران کا خدشہ، قیمت 1200 روپے فی کلو تک جانے کی پیش گوئی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ ہوگیا، فی کلو قیمت 650 روپے جبکہ 12 کلو گرام کا گھریلو سلنڈر 7 ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ ڈرائیوروں، ہوٹلوں، تندوروں اور دیگر کاروباری شعبوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ ایل پی جی ڈیلرز نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہی تو قیمت ایک ہزار سے 1200 روپے فی کلو تک پہنچ سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں سردی کے موسم اور قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی کی طلب میں اضافہ ہوچکا ہے، تاہم قیمتوں میں حالیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

حاجی عیسیٰ خان نورزئی خاندان اور ساتھیوں سمیت گرین پاکستان پارٹی میں شامل ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک میں سابق چیئرمین حاجی پیر محمد نورزئی کے فرزند حاجی عیسیٰ خان نورزئی نے اپنے خاندان اور ساتھیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

طالبان رجیم کے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کو فراہم کردہ امریکی ساختہ اسلحے کے ہوشربا شواہد سامنے آگئے

کابل (آن لائن) افغان طالبان رجیم کے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخو (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کیم نومبر 1947 کا دن گلگت بلتستان کی تاریخ کا درخشاں باب ہے، صدر مملکت، اسپیکر اسمبلی

اسلام آباد (آن لائن) صدر آصف علی زرداری، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

20 لاکھ بیرل خام تیل لے کر ایرانی ٹینکر ساڑھے 3 ماہ بعد چین پہنچ گیا

بیجنگ (آن لائن) 20 لاکھ بیرل خام تیل سے لدا ایرانی آئل ٹینکر ساڑھے 3 ماہ کے بحری سفر کے بعد چین کی بندرگاہ پر پہنچ گیا۔ ٹینکر ٹریکر کمپنی نے دعویٰ کیا ہے کہ سیٹلائٹ تصاویر سے ایرانی ٹینکر کے چینی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق امریکا کی جانب سے 14 جولائی سے ایران (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

گوادر کے اسکولوں میں عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر تقریری مقابلے کرانے کی تجویز

بلوچستان اسمبلی میں مولانا ہدایت الرحمان کے خلاف مبینہ دھمکی آمیز رویہ ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ سے ملاقات کی، جس میں تعلیمی امور، اسکولوں میں عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے طلبہ میں آگاہی پیدا کرنے اور ضلع گوادر کے تعلیمی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوادر کے مبلغ مفتی عبدالغنی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر مفتی عبدالغنی نے گوادر کے مختلف اسکولوں کے طلبہ کے درمیان عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری کے عنوان سے تقریری مقابلے منعقد کرانے کی تجویز پیش کی اور اس سلسلے میں محکمہ تعلیم سے تعاون کی درخواست کی۔ ڈی ای او گوادر زاہد بلوچ نے پروگرام کے انعقا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

ایران امریکہ کشیدگی، پٹرول کی قیمتوں میں 50 روپے فی لٹر اضافے کا خدشہ

حکومت نے پٹرول کی قیمتوں میں بڑے اضافے سے بچنے کیلئے نیا فارمولا منظور کرلیا

اسلام آباد (آن لائن) ایران امریکہ کشیدگی، پٹرول کی قیمتوں میں 50 روپے فی لٹر اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ حکومت نے پٹرول کی قیمتوں میں بڑے اضافے سے بچنے کے لیے نیا فارمولا منظور کرلیا ہے۔ پٹرول کی درآمدی قیمت اور ایکس ریفائنری قیمت کے درمیان فرق ریفائنریز سرکاری لیوی اکاؤنٹ میں جمع کرائیں گی۔ ریفائنریز کی جانب سے جمع کرائی گئی اضافی رقم کے مساوی فی لٹر پٹرولیم لیوی میں کمی کی جائے گی۔ نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا۔

دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پادزند کی زیر صدارت پریس کلب کا اجلاس

دالبندین (آن لائن) دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پادزند کی زیر صدارت پریس کلب کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی ممکنہ بندش قابل افسوس ہے، یار محمد بریال

مادری زبان میں تعلیم، طلبہ کے حقوق اور تعلیمی اداروں کی فعالیت کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کا حکومت سے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال، ضلعی سینئر معاون سیکرٹری واسع سنزر اور دیگر ضلعی کابینہ کی جانب سے جاری کردہ مشترکہ بیان میں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کی ممکنہ بندش سے متعلق اطلاعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پشتون بلوچ صوبے جیسے پسماندہ اور تعلیمی بحرا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

پاکستان کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزارت اطلاعات

دہشت گردی کے خاتمے کے بغیر تعلقات معمول پر نہیں آسکتے، پاکستان کا افغان طالبان حکومت کو دوٹوک پیغام

پاکستان اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، اس عزم کو کسی صورت کمزوری نہ سمجھا جائے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وزارت اطلاعات و نشریات نے افغان طالبان ترجمان کے حالیہ بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طالبان قیادت کا پاکستان کے ساتھ کشیدہ تعلقات کی بنیادی وجہ کو نظر انداز کر کے اسلام آباد کی پالیسیوں کو مورد الزام ٹھہرانا اس حکومت کی گمراہ کن سوچ اور مسائل کی اصل جڑ سے نمٹنے میں عدم دلچسپی کا عکاس ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق پاکستان اور افغانستان کے تعلقات (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

شانِ پاکستان، گلگت بلتستان، گلگت بلتستان کی یوم آزادی پر آئی ایس پی آر کا خصوصی ملی نغمہ جاری

گلگت بلتستان کے نامور شاعر ذیشان مہدی کا خوبصورت کلام، گلوکار جے جے علی شینا کی پُراثر آواز میں پیش کیا گیا

ملی نغمہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے عقیدت، قومی تشخص اور گہری دلی وابستگی کا عکاس ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) شان پاکستان، گلگت بلتستان، گلگت بلتستان کی یوم آزادی پر آئی ایس پی آر کا خصوصی ملی نغمہ جاری کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر نے یوم آزادی گلگت بلتستان کی مناسبت سے خصوصی ملی نغمہ "شانِ پاکستان، گلگت بلتستان" ریلیز کر دیا۔ گلگت بلتستان کے نامور شاعر ذیشان مہدی کا خوبصورت کلام، گلوکار جے جے علی شینا کی پُراثر آواز میں پیش کیا گیا۔ ملی نغمہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے عقیدت (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ABC CERTIFIED

روزنامہ

تعمیر وطن

TAMEER-E-WATAN

پولیو کا خاتمہ ناگزیر ہے

بلوچستان کے 31 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے سات روزہ مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق کے مطابق مہم کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ صوبے بھر میں بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے 8 ہزار 888 ویکسینیشن ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ مہم کے دوران 658 یونین کونسلز میں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مقررہ ویکسینیشن مراکز اور آمد و رفت کے اہم مقامات پر بھی ٹیمیں تعینات ہوں گی تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ مہم میں 583 فکسڈ سائٹ ٹیمیں اور 397 ٹرانزٹ پوائنٹ ٹیمیں بھی شامل ہوں گی، جو سفر کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ مہم کوئٹہ کے مشرقی اور مغربی اضلاع کے علاوہ چمن، پشین، قلعہ عبداللہ، مستونگ، خضدار، حب، چاغی، خاران، نوشکی، ژوب، لورالائی، دکی، بارکھان، کوہلو، موسیٰ خیل، شیرانی، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، کچھی، جھل مگسی، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، اوستہ محمد، برشور، قلات، سیوی، ڈیرہ بگٹی نارتھ اور ساتھ کے مختلف علاقوں کے علاقوں میں چلائی جائے گی۔ انعام الحق نے کہا کہ خطے میں پولیو وائرس کی مسلسل موجودگی بدستور تشویش کا باعث ہے۔ ان کے مطابق پڑوسی ملک افغانستان میں پولیو کے تقریباً 50 کیسز جبکہ پاکستان میں سات کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جس کے باعث بچوں کو وائرس سے محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں نومبر 2024 کے بعد پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ صوبے میں نئے کیسز سامنے نہ آنے کے باوجود خطے کے دیگر حصوں میں وائرس کی موجودگی کے باعث صوبے میں وائرس کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا

بقیہ 01

جی 24 صدارت کے لیے بین اہم ترجیحات کا اعلان کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کی فیصلہ سازی میں مؤثر نمائندگی یقینی بنانا ہوگی، بریٹن ووڈز کے مالیاتی اداروں میں منصفانہ اور مساوی نمائندگی کے حامی ہیں، ترقی پذیر ممالک کو سستے اور بروقت ترقیاتی مالی وسائل کی فراہمی اولین ترجیح ہوگی، قرضوں کے پائیدار حل اور عالمی مالیاتی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانے پر توجہ ہوگی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون ناگزیر ہے، پاکستان کی جی 24 صدارت مشاورت، اتفاق رائے اور اجتماعی مفادات کے اصولوں پر مبنی ہوگی، آئی ایم ایف اور عالمی بینک سمیت عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ترقی پذیر معیشتوں کا مستقبل عالمی معیشت کے مستقبل کا مرکزی حصہ ہے، معاشی استحکام کو سرمایہ کاری، روزگار اور پائیدار ترقی کی بنیاد بنانا ہوگا، پاکستان اجتماعی آواز کو عملی اثر و رسوخ اور بامعنی پیش رفت میں بدلنے کے لیے پرعزم ہے۔ اجتماعی قیادت کی کامیابی کا پیمانہ ترقی کے میدان میں ٹھوس نتائج ہوں گے

بقیہ 02

ز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے، جو عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے مؤثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارت خزانہ کی پوری ٹیم کی انتھک محنت، مؤثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاسوں کے دوران پاکستان کے مؤثر کردار اور ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی قیادت میں پاکستان کو نمایاں مقام دلانے کے لیے وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ G-24 کی چیئرمین شپ پاکستان کو عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے منصفانہ مالی معاونت اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے پائیدار ترقی کے مواقع کے فروغ کے حوالے سے مؤثر کردار ادا کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گی

بقیہ 03

جو پوری قوم کے لیے باعث مسرت ہے۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں سہ ملکی ون ڈے سیریز میں شریک تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو بھی مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم کی کامیابی کھلاڑیوں کی بھرپور محنت اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ آصف علی زرداری نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کو بھی سہ ملکی سیریز کے کامیاب انعقاد اور قومی ٹیم کی فتح پر مبارکباد پیش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ اور ٹیم مینجمنٹ کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ صدر مملکت نے اس امید کا اظہار کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی اسی جذبے، محنت اور ٹیم ورک کے ساتھ ملک کے لیے کامیابیاں حاصل کرتی رہے گی۔

بقیہ 04

کما کر دے رہے ہیں اور پھر بھی وفاق سے بھیک مانگ رہے ہیں، پاکستان کو چلانے اور بچانے کے لیے موجودہ رائج نظام پر ملک نہیں چلایا جا سکتا۔ کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا ایمانداری سے کہتا ہوں موجودہ سرکاری نظام نہیں چل سکتا، نئے انتظامی یونٹس بنانے میں جتنی دیر ہوگی اتنا ہی زیادہ نقصان ہوگا، نئے انتظامی یونٹس کے معاملے کو سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے، اس وجہ سے حریفوں کے لہجے سخت ہو رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا اسلام آباد کی بیوروکریسی کو کراچی والوں کی آمد ناگوار گزرتی ہے، پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس بنانے کی بات کو ہم سر تسلیم خم کرتے ہیں، کراچی پورے پاکستان کو اٹھا دے گا، اب وقت آگیا ہے کہ ملک کے انتظامی نظام پر سنجیدگی سے غور کیا جائے، بیرونی محاذ کا مقابلہ کر لیا، مگر اندرونی محاذ کا محاسبہ کرنے کو تیار نہیں، موجودہ نظام سے عوام بد دل ہو رہے ہیں جبکہ حکومت غداری کے سرٹیفکیٹ بانٹتی رہتی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا وفاق سیلز ٹیکس کی مد میں کراچی کو براہ راست رقم ملتی تو اس کا حجم 230 ارب روپے بنتا، کراچی کی بندرگاہوں سے حاصل ہونے والے ٹیکسز کا حجم 190 ارب روپے ہے جو کراچی کے انفرااسٹرکچر پر خرچ ہونا چاہیے، کراچی کے صرف تقریباً دو ٹیکسز سے سالانہ 884 ارب روپے حاصل ہوتے ہیں جبکہ 16 سال میں یہ رقم 3 ہزار ارب روپے بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کراچی کی مردم شماری میں کھیلے کر کے شہر کو کم گنا گیا، 2017 کی مردم شماری میں کراچی کی آبادی ایک کروڑ 60 لاکھ تھی جبکہ 2023 کی مردم شماری میں کراچی کی آبادی ایک کروڑ 30 لاکھ بتائی گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے چھ سال میں کراچی کی آبادی 30 لاکھ کم کر دی، حکومت سندھ ہمارے وجود کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں، ایسے میں بنیادی سہولیات کہاں سے ملیں گی۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کراچی کو وفاق سے 17 برس میں 22 ہزار ارب روپے کے فنڈز منتقل ہوئے ہیں، نئے انتظامی یونٹس کی ہم بالکل اور ببانگ دہل تائید کرتے ہیں، کراچی اور حیدرآباد سے ایک ووٹ بھی نہیں ملا تو وزیر اعلیٰ سندھ کی کرسی نہیں رہے گی۔ مصطفیٰ کمال نے صحت کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ڈریپ میں پہلے ادویات کی رجسٹریشن کے لیے بھاری رشوت دینی پڑتی تھی، ڈریپ کو ڈیجیٹل کرنے کے بعد اب ادویات کی آن لائن رجسٹریشن 21 دن میں ہو جاتی ہے، جعلی ادویات کی روک تھام کے لیے موبائل ایپ تیار کی جا رہی ہے جسے نومبر میں متعارف کرایا جائے گا، 86 ہزار ادویات کا ڈیٹا جمع کر کے موبائل ایپ تیار کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کراچی، حیدرآباد موٹروے اسی سال بنے گی جبکہ ناردرن بائی پاس کی بھی ری ماڈلنگ کی جا رہی ہے۔

بقیہ 05

کرے۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کو 30 اکتوبر 2026 کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان اپنے مقاصد کے حصول کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق افغانستان میں اب بھی غیر ریاستی عناصر کا اثر و رسوخ موجود ہے اور وہاں ایک رجیم قائم ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ افغانستان میں ماضی میں روسی مداخلت کے بعد متعدد خفیہ ایجنسیوں اور پراکسی تنظیموں نے اپنی جڑیں مضبوط کر لیں۔ ان کے مطابق جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں۔ اس صورتحال کی نشاندہی اقوام متحدہ، امریکہ اور متعدد دیگر ممالک بھی کر چکے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے الزام عائد کیا کہ افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور انہیں وہیں سے اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کا افغان طالبان سے مطالبہ انتہائی سادہ اور واضح ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکے اور دہشت گرد عناصر کی سرپرستی بند کرے۔ اگر افغان طالبان رجیم پاکستان کے تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں لیتا اور دہشت گردی کے خلاف مطلوبہ اقدامات نہیں کرتا تو اسے اس کے سنگین نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ افغان رجیم کو ایک معمول کی ریاست کی طرح ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرنے پر مجبور کرے۔ بین الاقوامی برادری افغان طالبان پر دباؤ ڈالے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار کا سلسلہ بھی بند کریں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج افغانستان کی جانب سے لاحق تمام ممکنہ خطرات، بشمول ڈرون حملوں، کا مقابلہ کرنے اور ان کا مؤثر سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں

بقیہ 06

مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبے کے تمام علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کے ثمرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ حکومت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر زندگی کی سہولیات میسر آسکیں۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے جمہوری عمل پر اعتماد کرتے ہوئے اپنے نمائندوں کو منتخب کیا ہے اور منتخب عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی توقعات پر پورا اتریں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور عوام کی محرومیوں کے خاتمے کے لیے ٹھوس منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز نے کہا کہ امن و امان کا قیام ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت بلوچستان صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند ہیں اور صوبے کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے متحد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات کے خاتمے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے محفوظ رکھنے کے لیے ایکسائز اور نارکوٹکس کنٹرول کے ادارے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ منشیات فروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں اور اس حوالے سے عوامی تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور اس کی ترقی و خوشحالی کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی و سماجی حلقے صوبے کے روشن مستقبل کے لیے مثبت کردار ادا کریں اور عوامی مفاد کو ترجیح دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی خدمت، میرٹ، شفافیت اور صوبے کی ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری کے ساتھ ادا کرتے رہیں گے اور بلوچستان کے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہرممکن کوشش کریں گے

بقیہ 07

آئل ریفائنریز کو فی لیٹر تقریباً 49 روپے کے نقصان کا خدشہ ہے، جبکہ ریفائنریز کی مجوزہ اپ گریڈیشن کے لیے مختص 5 سے 6 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری بھی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ آئل انڈسٹری نے خبردار کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے ملک کی پرانی آئل ریفائنریز کو جدید بنانے کے معاہدوں پر دستخط کیے جانے کے محض چند ہفتوں بعد یہ فیصلہ سامنے آیا ہے، جس سے ریفائنریز کی جدید کاری کے منصوبے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی کابینہ نے 30 اکتوبر کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کا نظر ثانی شدہ طریقہ کار منظور کر لیا ہے۔ جس کے تحت ریفائنریز کو پیٹرول کی اصل درآمدی لاگت اور جنگ سے پہلے کی قیمتوں کی بنیاد پر مقرر کردہ ایکس ریفائنری قیمت کے درمیان فرق حکومت کے حوالے کرنا ہوگا۔

بقیہ 08

ملک میں جو مہنگائی ہوئی ہے، اس میں ہمارا قصور نہیں بلکہ ٹرمپ کا قصور ہو سکتا ہے، ہم نے امریکا ایران دونوں کی منت کی ہے کہ جنگ ختم کریں۔ انہوں نے فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مہنگائی کی ذمے دار حکومت نہیں بلکہ امریکا ہو سکتا ہے، کیونکہ ٹرمپ نے جنگ شروع کی اور ایران نے بھی پورا زور لگایا پاکستان نے امریکا ایران دونوں کی منت کی ہے کہ جنگ ختم کریں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ امریکا ایران جنگ کا سب سے زیادہ نقصان ہمیں ہوا اور جنگ رکنے کا سب سے زیادہ فائدہ بھی ہمیں ہوگا۔ خطے میں کشیدگی کے باعث پوری دنیا بحران کا شکار ہے، دنیا کی طرح پاکستان میں بھی جنگ کے باعث مہنگائی کا طوفان آیا، امریکا اور ایران کے درمیان جنگ رکوانے کے لیے پاکستانی قیادت نے بھرپور کوشش کی، جنگ کے باعث عالمی معاشی نظام متاثر ہو رہا ہے۔ پاکستان کو بھی خطے میں کشیدگی کے باعث مسائل کا سامنا ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل خطے میں امن کے قیام اور جنگ بندی کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہے ہیں، گرین ٹریکٹرز اور اپنا کھیت اپنا روزگار جیسی سکیمیں کاشتکاروں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور باعزت روزگار اور معاشی استحکام کے مواقع بھی فراہم کریں گی۔ وہ ہفتہ کے روز ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں پنجاب حکومت کی گرین ٹریکٹر سکیم فیز فور اور اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے تحت کامیاب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی چابیاں اور امدادی رقوم کے پے آرڈرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ رانا ثنا اللہ خاں نے گرین ٹریکٹرز اور زرعی اراضی حاصل کرنے والے کامیاب کاشتکاروں کو مبارکباد دی اور کہا کہ حکومت پنجاب کی کسان دوست سکیمیں زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے، چھوٹے کاشتکاروں کو وسائل کی فراہمی اور انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ علاوہ ازیں وزیراعظم پاکستان کے مشیر رانا ثنا اللہ خان نے "وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام 2026ء (فیز IV)" اور "وزیراعلیٰ پنجاب اپنا کھیت اپنا روزگار اسکیم" کے تحت منتخب کاشتکاروں میں گرین ٹریکٹرز اور چیک تقسیم ک؟ ے۔ اس سلسلہ میں محکمہ زراعت توسیع کے زیر انتظام ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں منعقدہ ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دی گئی یہ سہولت کاشتکاروں کا حق ہے جو انہیں واپس لوٹایا جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی تمام اسکیموں میں میرٹ کو مدنظر رکھا گیا ہے اور کاشتکاروں میں وسائل کی شفاف تقسیم اور سب کے حق کو یقینی بنانے کے لیے قرعہ اندازی کو بہترین حل کے طور پر اپنایا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہمیشہ سے میرٹ پر یقین رکھتی ہے اور اسی پر کاربند رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی مہنگائی اور غربت کے باعث عوام کی پریشانی سے پوری طرح آگاہ ہی نہیں بلکہ پورا پورا احساس ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سمجھنے کی بات یہ ہے کہ عالمی سطح پر ایران اور امریکہ کی کشیدگی اور جنگ کے بعد مہنگائی کی جو لہر آئی ہے، اس کے اثرات دنیا کے دیگر ممالک کی طرح پاکستان بھی بھگت رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نہ صرف خطے میں بلکہ عالمی سطح پر امن قائم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب کا مقصد صرف ٹریکٹرز اور چیک تقسیم کرنا نہیں بلکہ کاشتکاروں کے ساتھ ملاقات کر کے تعلق کو مزید مضبوط کرنا ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کاشتکاروں سے مزید کہا کہ آج میں آپ کے مسائل کا حل تلاش کرنے کیل؟ ے آپ کے پاس آیا ہوں۔ اس موقع پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت نے میڈم مریم نواز کے ویژن کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت ہزاروں کاشتکاروں کو ٹریکٹرز فراہم ک؟ جن پر 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر تک کی سبسڈی دی گئی ہے۔ اس پروگرام کے چار مراحل مکمل ہو چکے اور ابھی مزید ٹریکٹرز؟ یچا؟ گئے۔ تقریب کے دوران، سینیٹر رانا ثنا اللہ خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے گندم کے کاشتکاروں کے لیے اعلان کردہ تاریخ ساز پیکیج کا بھی تفصیلی ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے گندم کی سپورٹ پر؟ س 4500 روپے فی من مقرر کی ہے تاکہ کسانوں کی محنت کا پورا معاوضہ مل سکے۔ اس پیکیج کے تحت 10 لاکھ کسان کارڈ ہولڈرز کے لیے ڈی اے پی کھاد کی خریداری پر 17 ارب روپے کی اضافی بلاسود قرض کی سہولت دی گئی ہے، جس سے فی 60 کلوگرام بیگ پر 3500 روپے کی سبسڈی حاصل ہوگی۔ مزید برآں، 10 لاکھ میٹرک ٹن تصدیق شدہ گندم کا بیج 5.7 ارب روپے کی سبسڈی کے ساتھ فراہم کیا جائے گا، جبکہ 9500 ہائی پاور ٹریکٹرز 5.9 ارب روپے کی سبسڈی کے ساتھ کاشتکاروں کو دیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اور سیلاب سے متاثرہ 5 لاکھ ایکڑ رقبے پر 19 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ گندم کاشتکاروں کے لیے 30 لاکھ ایکڑ رقبے پر گرین ٹریکٹر سبسڈی کے لیے 5 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، جس سے اس شعبے میں کل سبسڈی 50 ارب روپے بنتی ہے۔

بقیہ 09

انچ او احسان اللہ مروت نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے عزت اللہ کے قبضے سے 4 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 10

نے 6 ماہ سے صورتحال کا کامیابی سے مقابلہ کیا، تیل کی قیمتیں شفاف طریقے سے مقرر کرتے ہیں۔ وزیر پیٹرولیم نے مزید کہا کہ غریب لوگوں کے لیے سبسڈی والا پیٹرول فراہم کر رہے ہیں، قطر سے گیس آ رہی ہے، دسمبر، جنوری میں وافر سپلائی جاری رہے گی۔

بقیہ 11

رکھنے والے دہشت گرد یونس شاہ ہوائی کے اہلخانہ نے بھی اس کے کسی عمل سے خود کو الگ کر لیا۔ کچھی میں دہشت گرد عنایت اللہ، عبدالنافع، طائب، یاسر اور یاسر کے اہلخانہ نے بھی علیحدگی اختیار کر لی۔ دہشت گردوں سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے اہلخانہ کا کہنا تھا کہ لاپتہ ہو کر دہشت گرد تنظیموں میں شمولیت اختیار کرنے اور غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہونے والوں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں اگر ہمارے بیٹے دہشت گردوں کے مکروہ ایجنڈے پر کام کرتے پائے گئے تو ان سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہوگا، جنوری سے اکتوبر 2026 کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان دہشت گردوں بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کر چکے ہیں۔

بقیہ 12

انہیں اگلے گریڈ میں ترقیوں کے لیے مؤثر کردار ادا کرتے ہوئے گریڈ 1 سے 15 کے ملازمین کو حکومت سے 150 نوٹیفکیشن ریلیز کروا کر سیکرٹریٹ الاؤنس گریڈز کی اپ گریڈیشن سمیت تنخواہوں میں اضافے، صحت کارڈ، تعلیم، صحت کی سہولیات، سن کوٹہ کے تحت 151 لواحقین کے بچوں کو بھرتی کروانے کے ساتھ ساتھ سول سیکرٹریٹ میں 2 کروڑ روپے کا بی ایچ یو ہسپتال منظور کرایا ہے اپنی 2 سالہ مدت پوری ہونے کے بعد موجودہ کابینہ کو تحلیل کرنے کا اعلان کرتا ہوں اور ہاشم علی ایڈیشنل سیکرٹری کو بحیثیت چیئرمین الیکشن کمیٹی نامزد کرتا ہوں کہ وہ الیکشن کا باقاعدہ شیڈول اعلان کرے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنی کابینہ کے دیگر عہدیداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ کامریڈ یونس عزیز نے کہا کہ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن 1985 میں معرض وجود میں آئی اور 38 سالہ اس تاریخ میں 17 صدور اور کابینہ منتخب ہوئی مذکورہ کابینہ نے 38 سالہ تاریخ میں بغیر کسی ہڑتال، جلسہ جلوس، وقت ضائع کیے بغیر ملازمین کے تمام مطالبات منظور کروائے اور باقی 17 صدور کے ریکارڈ توڑے اور 150 نوٹیفکیشن مختلف کیٹگری کے ملازمین کے لیے جاری کروائے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے ان نوٹیفکیشن کے ذریعے ملازمین کی اپ گریڈیشن انہیں ملازمت کے حصول میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے سیکرٹریٹ الاؤنس 100 فیصد کروانے کے ساتھ ساتھ گریڈ 1 سے 15 کے ملازمین کو ایک مکمل تنخواہ بطور کیش ایوارڈ منظور کرانے کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے ملازمین کو بھی اسپیشل الاؤنس 100 فیصد کرایا اور ملازمین کو تعلیم، صحت کی سہولیات کے لیے ہیلتھ کارڈ اور ملازمین کو 27 پرائیویٹ ہسپتالوں میں علاج کی سہولت منظور کروائی، سن کوٹہ پر عمل کرتے ہوئے سیکرٹریٹ میں ہسپتال کی تعمیر کے ساتھ ساتھ چوکیدار ملازمین کے لیے اوور ٹائم منظور کرایا اور ملازمین کو سینار اور آریا ہسپتال کو محکمہ صحت کے پینل پر لائے اور سپروائزر کی پوسٹیں منظور کروائیں۔ سیکورٹی سپروائزر کی پوسٹوں کے ساتھ ساتھ جرنیٹر آپریٹر کے سروس رول میں ترامیم کرائی گئی۔ بم ڈسپوزل ٹیکنیشن کو ترقی دلوائی گئی موذی امراض میں مبتلا ملازمین کو میڈیکل ایڈوانس کی رقم دلوا دینے کے ساتھ ساتھ دیگر مراعات دلائی انہوں نے کہا کہ نے چار سال میں جو کام کیے ہیں گزشتہ 38 سالوں میں نہ ہوئے۔ اپنی کابینہ کی مدت پوری ہونے پر اسے تحلیل کر کے ہاشم علی ایڈیشنل سیکرٹری کو بحیثیت چیئرمین الیکشن کمیٹی نامزد کرتے ہیں وہ الیکشن کے شیڈول کا باقاعدہ اعلان کرے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے نیک نیتی سے صاف اور شفاف طریقے سے ملازمین کی بہتری کے لیے کام کیا ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔

بقیہ 13

ہے۔ تفصیلات کے مطابق یوم اقبال کے موقع پر سرکاری ملازمین تین چھٹیاں گزاریں گے 6 نومبر کو جمعہ کا دن ہوگا، جبکہ وفاقی محکموں میں ہفتہ وار بنیادوں پر ہفتہ اور اتوار 7 اور 8 نومبر کو چھٹی ہوتی ہے۔ 9 نومبر پیر کو یوم اقبال کی سرکاری تعطیل کے باعث وفاقی محکموں کے ملازمین مسلسل تین روز ہفتہ، اتوار اور پیر کی تعطیلات سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ دوسری جانب، صوبائی محکموں کے وہ ملازمین جو ہفتے کو معمول کے مطابق کام کرتے ہیں، وہ ایک یوم کی اتفاقیہ رخصت لے کر ہفتہ وار تعطیل اتوار اور یوم اقبال کی رخصت کے ساتھ ساتھ اپنے مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت اس طویل ویک اینڈ سے استفادہ کر سکیں گے۔

بقیہ 14

مسعود احمد، حاجی محمد قاسم کبزئی، حاجی ولی محمد بڑیچ، ملک؟ اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی بے حسی اور طرز حکمرانی نے عوام کو سنگین معاشی و معاشرتی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ حکومتی دعوؤں اور عملی اقدامات میں تضاد ہے وزیر اعلیٰ وزراء اور افسر شاہی عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام بے روزگاری، ہوشربا مہنگائی، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی جیسے سنگین مسائل کے باعث شدید اذیت سے دوچار ہیں۔ گندم کے بحران نے آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا ہے جسکے نتیجے میں بنیادی غذائی ضرورت غریب اور متوسط طبقے کی قوت خرید سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار عوام کی زندگی کو مزید اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے دعوے اس وقت تک بے معنی ہیں جب تک گرانفروشوں، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خور عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی نہیں کی جاتی۔ عوامی مفادات کے تحفظ میں حکومتی غفلت اور انتظامی کمزوریوں کے باعث شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت گندم اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کرے۔

بقیہ 15

ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جاتی ہیں تی جن سے خطاب کے دوران مقررین شاعر مشرق علامہ اقبال کو خراج عقیدت پیش کریں گے اخبارات خصوصی ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ قومی و نجی ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔ ملت اسلامیہ کو "لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری" جیسی آفاقی فکر دینے والے بیسویں صدی کے عظیم صوفی شاعر، قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیت ڈاکٹر سر علامہ اقبال 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ علامہ اقبال جدید دور کے صوفی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ میں انقلابی روح بیدار کی ان کی شاعری میں تصوف اور احیائے اسلام کا رنگ نمایاں تھا۔ سر علامہ اقبال کی شاعری کی کتب کی انگریزی، جرمن، روسی، فرانسیسی، چینی، جاپانی اور دیگر زبانوں میں تراجم شائع ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے دنیا بھر میں آپ کو عظیم مفکر تسلیم کیا جاتا ہے۔ سر علامہ محمد اقبال کا بطور سیاستدان عظیم ترین کارنامہ نظریہ پاکستان کی تشکیل ہے یہ نظریہ بعد میں پاکستان کے قیام کی بنیاد بنا۔ سر ڈاکٹر علامہ اقبال نے قیام پاکستان کو آنکھوں سے نہیں دیکھا وہ پاکستان کی آزادی سے قبل 21 اپریل 1938ء کو انتقال کر گئے تھے لیکن قیام پاکستان میں ان کے عظیم کارناموں کے اعتراف میں انہیں قومی شاعر کا درجہ دیا گیا۔

بقیہ 16

کا دورہ کیا اور ایم 4 پر تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر مواصلات سینئر حکام کے ہمراہ کمال پور انٹرچینج پہنچ گئے۔ وزارت مواصلات کی جانب سے اتوار کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ایم 4 پر توسیعی کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا توسیعی منصوبہ کی تکمیل سے فیصل آباد، پنڈی بھٹیاں کی 53 کلومیٹر موٹروے 4 سے 6 لین کی ہو جائے گی، موٹروے کے وسط میں خوبصورت گرین بیلٹ، کھجور کے پودے اور تزئین و آرائش کی جائے گی۔ عبدالعلیم خان نے مزید ہدایت کی کہ ایک ہفتے میں موٹروے ایم 4 کے لئے ریسٹ ایریاز کے ڈیزائن فائنل کئے جائیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد تک موٹروے ایم 4 پر مکمل لائٹنگ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے ایم 4 کو سٹیٹ آف دی آرٹ شاہراہ بنانا چاہتے ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ فیصل آباد کے لئے 30 سال سے زیر التوا اس دیرینہ مطالبے کو پورا کر دیا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ موٹروے پولیس جوانوں کی شہادت ہوئی، ایم 4 کی توسیع سے حادثات سے بچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کے عوام کو نئے سال کے آغاز پر ایم 4 موٹروے کا تحفہ دیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایم 4 توسیعی منصوبے کے تمام فنڈز این ایچ اے نے خود فراہم کیے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے منصوبے پر مشینری اور افرادی قوت بڑھانے اور کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ جب وسائل این ایچ اے کے اپنے ہیں تو کسی قیمت پر تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے اور موٹروے پولیس افسران کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ اس موقع پر این ایچ اے حکام کی طرف سے وفاقی وزیر مواصلات کو اب تک کی پراگرس پر تفصیلی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ موٹروے ایم 4 کا توسیعی کام 3 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، این ایل سی اور دیگر ادارے کام کر رہے ہیں۔ چیئرمین این ایچ اے، این ایل سی اور دیگر تعمیراتی کمپنیوں کے سینئر حکام نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود، سابق ایم این اے رانا نذیر احمد اور ایم پی اے شعیب صدیقی بھی موجود تھے۔

بقیہ 17

کی بحری ناکہ بندی شروع کیے جانے کے بعد اب تک کوئی ایرانی آئل ٹینکر چین نہیں پہنچا تھا۔

بقیہ 18

ویں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں ضلع گوادر کی مجموعی تعلیمی صورتحال اور یونیسیف کے تعاون سے آئندہ منعقد ہونے والے تعلیمی پروگراموں پر بھی گفتگو ہوئی۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈی ای او گوادر کو سربندن گرلز اسکول کا دورہ کرنے کی دعوت دی تاکہ اسکول کے مسائل کا جائزہ لے کر ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا سکیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ نئی نسل کو نبی کریم ﷺ کی سیرت سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور تعلیمی اداروں میں اسلامی تعلیمات اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ عقیدہ ختم نبوت پر ایمان ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے اور ناموس رسالت ﷺ کا تحفظ دینی و ایمانی ذمہ داری ہے۔ اس حوالے سے شعور، اتحاد اور پرامن جدوجہد ضروری ہے تاکہ نوجوان نسل بھی اس عقیدے کی اہمیت سے آگاہ ہو۔

بقیہ 19

میں رکاوٹ سب سے اہم وجہ افغان سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی ہے، تاہم افغان طالبان قیادت اس بنیادی مسئلے کو حل کرنے کے بجائے پاکستان پر الزامات عائد کر رہی ہے۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ پاکستان کے لیے دہشت گردی ایک ریڈ لائن ہے اور اپنے شہریوں کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ افغان طالبان حکومت کو سمجھنا ہوگا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کے پار دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کو برداشت نہیں کرے گا اور نہ ہی اپنے عوام کو افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کا نشانہ بننے دے گا۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کو اپنی قومی سلامتی کو لاحق خطرات کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی قانون کے مطابق تمام ضروری اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے، خواہ یہ خطرات جہاں سے بھی جنم لیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ان خطرات سے نمٹنے کی بنیادی ذمہ داری افغان طالبان حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان حکومت کی جانب سے دہشت گردی کے مسئلے کو مسلسل نظرانداز کرنا دونوں ممالک کے تعلقات کو معمول پر لانے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ الزامات کا تبادلہ، کھوکھلی یقین دہانیاں اور پاکستان کی پالیسیوں پر سوالات اٹھانے سے نہ تو بحران حل ہوگا اور نہ ہی کابل اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہو سکتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ افغان طالبان قیادت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ پاکستان کی سلامتی کو افغان طالبان حکومت کی بے عملی، ٹال مٹول یا غلط ترجیحات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ وزارت اطلاعات نے دوٹوک مؤقف اختیار کیا کہ پاکستان اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور اس عزم کو کسی صورت کمزوری نہ سمجھا جائے۔

بقیہ 20

ن سے دوچار خطے میں تعلیمی وظائف فراہم کرنے والے ادارے کی بندش کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ BEEF گزشتہ تقریباً دس سال سے پشتون بلوچ صوبے کے ہزاروں مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف فراہم کر رہا ہے اور اطلاعات کے مطابق ہر سال 20 ہزار سے زائد طلبہ اس ادارے سے مستفید ہوتے ہیں۔ ایسے ادارے کی بندش نہ صرف غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ہزاروں طلبہ کے تعلیمی مستقبل کو خطرے میں ڈال سکتی ہے بلکہ اس سے وابستہ تقریباً 60 ملازمین کے روزگار کے متاثر ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے کہا کہ پشتون بلوچ صوبہ پہلے ہی تعلیمی پسماندگی، غربت، بے روزگاری، غیر فعال تعلیمی اداروں، بڑھتی ہوئی فیسوں اور بنیادی تعلیمی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ طلبہ کے لیے مزید وظائف، مفت تعلیم، تعلیمی اداروں کی بحالی اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے، نہ کہ پہلے سے موجود تعلیمی سہولتوں کو ختم کرے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ تعلیم ہر بچے اور نوجوان کا بنیادی آئینی و جمہوری حق ہے، کوئی حکومتی احسان نہیں۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے بنیادی نظریاتی اور تنظیمی مقاصد کے تحت ہمیشہ مفت، معیاری اور مادری زبان میں تعلیم، طلبہ کے حقوق اور تعلیمی اداروں کی فعالیت کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے

بقیہ 21

(PFUJ) اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (BUJ) کی کال پر 3 نومبر کو یوم سیاہ منانے اور ملک بھر کے صحافیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں پیکا ایکٹ (PECA) کے تحت صحافیوں اور آزادی؟ اظہار رائے پر عائد پابندیوں اور صحافتی سرگرمیوں میں رکاوٹوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ پیکا ایکٹ کو صحافیوں کی آواز دبانے اور آزاد صحافت کو محدود کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ آزاد صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے اور عوامی مسائل اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لہٰذا صحافیوں کو خوف و دباؤ سے آزاد ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ پیکا ایکٹ میں صحافتی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، متنازع شقوں پر نظرثانی کی جائے اور صحافیوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔ اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ 3 نومبر کو دالبندین پریس کلب میں بھی یوم سیاہ منایا جائے گا اور ملک بھر کے صحافیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر آزادی صحافت، صحافیوں کے تحفظ اور اظہار رائے کی آزادی کے لیے آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ 22

ارج کو فراہم کردہ امریکی ساختہ اسلحے کے ہوشربا شواہد سامنے آگئے۔ بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشتگردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کیے۔ برآمد ہونے والے امریکی ساختہ اسلحے میں M16 اور M4 جیسی رائفلز، اسنائپنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز بھی شامل ہیں۔ طالبان لیڈر ملا ہیبت اللہ کا فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کیلئے لکھا گیا خط بھی دونوں کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ خفیہ رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی "را" نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کیلئے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ امریکی خبر رساں ادارہ ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق انٹیلیجنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشتگردی کیلئے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس کا انکشاف ہو چکا ہے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق اجلاس میں دہشتگرد تنظیم فتنہ الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار رپورٹ کے مطابق افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 7.1 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں۔

بقیہ 23

اضافے نے شہریوں کے لیے متبادل ایندھن کا استعمال بھی مشکل بنا دیا ہے۔ گھریلو صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی یا کم پریشر کے باعث انہیں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی خریدنا پڑتی ہے، لیکن مسلسل بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں۔ ایل پی جی گیس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی اور سرحدی راستوں سے سپلائی معمول پر نہ آئی تو آنے والے دنوں میں فی کلو قیمت ایک ہزار سے بڑھ کر 1200 روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اس صورت میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں بھی مزید اضافہ ہوگا، جس سے صارفین کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 12 کلوگرام کا سلنڈر 7 ہزار 800 روپے میں خریدنا عام خاندان کے لیے بڑا مالی بوجھ ہے۔ دوسری جانب رکشہ اور دیگر گاڑیوں میں ایل پی جی استعمال کرنے والے ڈرائیوروں کے مطابق گیس مہنگی ہونے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جبکہ قیمت میں مزید اضافے کی صورت میں موجودہ کرایوں پر گاڑیاں چلانا مشکل ہو جائے گا۔ ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور تندوروں سے وابستہ افراد نے بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس ان کے کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کھانا پکانے کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جس کے اثرات تیار کھانوں اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ شہریوں اور ڈیلرز نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران بارڈر سے متعلق تجارتی اور سپلائی کے معاملات جلد حل کیے جائیں، ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مصنوعی قلت اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ ڈیلرز کے مطابق سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہنے کی صورت میں قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں، جس سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع کے صارفین بھی متاثر ہوں گے۔

بقیہ 24

قومی تشخص اور گہری دلی وابستگی کا عکاس ہے۔ شاندار نغمہ میں گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہد اور پاکستان سے جڑے فخر و اعزاز کے جذبات اجاگر کیے گئے۔ وطن کی سربلندی، قومی اتحاد اور پاکستان کے روشن مستقبل کا پیغام دل کو چھو لینے والے کلام کا نمایاں حصہ ہے۔ آئی ایس پی آر کا جاری کردہ پُراثر ملی نغمہ گلگت بلتستان کی تاریخی اہمیت اور قومی جذبے کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 25

کیا اور وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور متعلقہ ٹیم کو مبارکباد دی۔ صدر نے کہا کہ پاکستان کی جی 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ پاکستان جی 24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کر سکے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ 26

ں سمیت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے مستعفی ہو کر گرین پاکستان پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر گرین پاکستان پارٹی کے چیئرمین عبدالہادی، صدر اقبال خان کاکڑ، جنرل سیکرٹری نصیب جان، انفارمیشن سیکرٹری سفر خان اور لورالائی ضلعی یوتھ ونگ کے صدر کامل خان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پارٹی کے صدر اقبال خان کاکڑ نے حاجی عیسیٰ خان نورزئی اور ان کے خاندان کو گرین پاکستان پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ان کی شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط اور فعال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ساتھی مل کر پارٹی کو منظم اور مستحکم بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ پارٹی کی ترجیحات میں نوجوان قیادت کو آگے لانا، نوجوانوں کو سیاسی عمل میں مؤثر نمائندگی دینا اور نئی نسل کو قیادت کے مواقع فراہم کرنا شامل ہے۔ اس موقع پر چیئرمین عبدالہادی نے کہا کہ گرین پاکستان پارٹی نوجوانوں کی صلاحیتوں پر بھرپور یقین رکھتی ہے اور نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا پارٹی کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ساتھیوں کے تعاون سے ایک مضبوط، منظم اور فعال سیاسی پلیٹ فارم تشکیل دیا جائے گا

بقیہ 27

دی کی 79ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد دی ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی جرات، قربانیاں اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ہماری مشترکہ تاریخ کا اہم حصہ ہیں۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق گلگت بلتستان کی تاریخ کا قابل فخر باب ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یکم نومبر 1947 کا دن گلگت بلتستان کی تاریخ کا درخشاں باب ہے، گلگت بلتستان کے عوام نے بے مثال جرات، عزم اور قربانیوں سے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی۔ اپنے بیان میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ 79 سال قبل گلگت بلتستان کے بہادر عوام نے ڈوگرہ راج کے استعماری تسلط کا خاتمہ کر کے آزادی کا اعلان کیا، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1972 میں گلگت بلتستان میں اصلاحات کا تاریخی آغاز کیا، پرانے ایجنسی نظام کی جگہ نیا انتظامی اور عدالتی ڈھانچہ متعارف کرایا گیا، 1974 میں ہنزہ اور نگر سمیت باقی ماندہ ریاستوں کا خاتمہ کر کے مربوط انتظامی نظام متعارف کرایا گیا، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے 1994 کے لیگل فریم ورک آرڈر کے ذریعے اصلاحات کا عمل آگے بڑھایا، صدر مملکت نے کہا کہ 2009 میں گلگت بلتستان کو بااختیار بنانے اور خود حکمرانی کا آرڈر متعارف کرایا گیا، گلگت بلتستان کے عوام نے پاکستان کے دفاع اور ترقی میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، چین کے ساتھ براہ راست سرحد گلگت بلتستان کی تزویراتی اہمیت میں اضافہ کرتی ہے، تعلیم، صحت، نوجوانوں کے بہتر مواقع اور کسانوں کو منڈیوں تک رسائی ترقی کا حقیقی مفہوم ہے، دور دراز علاقوں میں بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی ترقیاتی ترجیحات میں مرکزی حیثیت رکھنی چاہیے، گلگت بلتستان کے پہاڑ، گلیشیئرز، دریا اور ثقافتی ورثہ پاکستان کے عظیم اثاثوں میں شامل ہیں، سیاحت گلگت بلتستان کے عوام کے لیے روزگار اور مقامی معیشت کی ترقی کا اہم ذریعہ بن سکتی ہے، گلگت بلتستان میں تعلیم، صحت، قابل اعتماد توانائی اور روزگار کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے، امید ہے گلگت بلتستان امن، خوشحالی اور ترقی کی راہ پر مسلسل گامزن رہے گا۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی پر عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد، قربانیاں اور پاکستان سے غیر متزلزل وابستگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق گلگت بلتستان کی تاریخ کا قابل فخر باب ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے گلگت بلتستان میں اہم اصلاحات متعارف کرائیں، 2009ء میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے بااختیار بنانے کے اقدامات گلگت بلتستان کی تاریخ میں اہم سنگ میل ہیں، سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی کے لیے تعلیم، صحت، انفرااسٹرکچر اور روزگار کے مواقع میں بہتری ناگزیر ہے، گلگت بلتستان کی خوشحالی پاکستان کی مجموعی ترقی اور استحکام سے جڑی ہوئی ہے، گلگت بلتستان کے عوام قومی یکجہتی اور ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گلگت بلتستان کی آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق کی 79ویں سالگرہ پر پیغام میں مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یکم نومبر 1947 کا دن گلگت بلتستان کی تاریخ کا درخشاں باب ہے، گلگت بلتستان کے عوام نے بے مثال جرات، عزم اور قربانیوں سے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی، گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے والہانہ محبت اور وابستگی پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، تحریک آزادی میں حصہ لینے والے غازیوں اور شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے گلگت بلتستان کی تحریک آزادی کے غازیوں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان اپنی جغرافیائی اہمیت اور قدرتی وسائل کے باعث ایک ممتاز مقام رکھتا ہے، گلگت بلتستان میں علاقائی تجارت اور سیاحت کے فروغ کے وسیع تر مواقع موجود ہیں، گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ہے، گلگت بلتستان میں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع کی فراہمی اولین قومی ترجیحات میں شامل ہیں، گلگت بلتستان میں سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، گلگت بلتستان کے عوام کو قومی دھارے میں بھرپور شمولیت یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان ملک کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور معاشی ترقی کے لیے کردار ادا کرتی رہے گی، اسپیکر سردار ایاز صادق نے گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 28

یا۔ ایک خالی مکان کا گیس استعمال صفر یونٹ بتایا گیا، لیکن بل کی رقم 44 لاکھ روپے سے تجاوز کر گئی۔ شہری نے بل دیکھ کر شاید یہی سوچا ہوگا کہ گھر میں چولہا تو نہیں جلا مگر بل بنانے والوں نے پورا گیس نیٹ ورک اسی مکان کے نام کر دیا۔ متاثرہ صارف کے مطابق جس گھر کا بل جاری کیا گیا وہ خالی پڑا ہے اور وہاں گیس استعمال ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، لیکن اس کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی نے ایک ماہ کا 44 لاکھ روپے سے زائد کا بل بھیج دیا۔ شہری کا کہنا ہے کہ اتنی بڑی رقم ایک عام صارف کے لیے ادا کرنا ممکن نہیں، خاص طور پر جب گیس کا استعمال ہی صفر ہو۔ شہریوں نے اس غیر معمولی بل پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ اگر گیس استعمال نہیں ہوئی تو پھر 44 لاکھ روپے کا حساب کس بنیاد پر بنایا گیا؟ کیا میٹر نے خالی گھر میں خود ہی گیس استعمال کر لی یا بلنگ نظام نے کوئی ایسا حساب لگایا جسے سمجھنے کے لیے عام صارف کو ماہر حسابیات بننا پڑے گا؟ متاثرہ شہری نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بل کی فوری جانچ کی جائے اور میٹر ریڈنگ، سابقہ و موجودہ ریڈنگ سمیت تمام تفصیلات سامنے لائی جائیں۔ اگر یہ بلنگ یا میٹر ریڈنگ کی غلطی ہے تو اسے فوری درست کر کے نیا بل جاری کیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس کے بلوں میں غیر معمولی رقوم کی شکایات پہلے بھی سامنے آتی رہی ہیں، تاہم صفر استعمال پر 44 لاکھ روپے کا بل ایک ایسا معاملہ ہے جس کی وضاحت ضروری ہے۔ شہریوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ اگر خالی مکان بھی لاکھوں روپے کا بل دے سکتا ہے تو پھر گیس کمپنی کے بلنگ نظام میں صارفین کو اپنی جیب کے ساتھ کیلکولیٹر بھی تیار رکھنا ہوگا۔ صارفین نے مطالبہ کیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی اس معاملے کا نوٹس لے، بلنگ نظام کی جانچ کرے اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کرے تاکہ آئندہ کسی خالی گھر کو بھی لاکھوں روپے کا گیس استعمال کرنے والا صارف نہ بنا دیا جائے۔

بقیہ 29

یک ہزار ٹن درآمدی کارگو ہینڈل کیا۔ کراچی پورٹ پر 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد کی ہینڈلنگ کی گئی جبکہ کراچی پورٹ پر 51 ہزار ٹن گندم کی ہینڈلنگ بھی جاری ہے۔ وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری نے کہا کہ دو جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کے پی ٹی کی آپریشنل صلاحیت کا مظہر ہے، ضروری اشیا کی بروقت ترسیل غذائی تحفظ کیلئے ناگزیر ہے، بندرگاہوں پر کارگو ہینڈلنگ کی استعداد بڑھانا ترجیح ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے کہا کہ کراچی پورٹ ملکی تجارت اور سپلائی چین میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، بندرگاہوں کا بنیادی ڈھانچہ جدید اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بہتر بنا رہے ہیں۔

بقیہ 30

نے کے لیے 8 ہزار 888 ویکسینیشن ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ مہم کے دوران 658 یونین کونسلز میں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مقررہ ویکسینیشن مراکز اور آمد و رفت کے اہم مقامات پر بھی ٹیمیں تعینات ہوں گی تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ مہم میں 583 فکسڈ سائٹ ٹیمیں اور 397 ٹرانزٹ پوائنٹ ٹیمیں بھی شامل ہوں گی، جو سفر کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ مہم کوئٹہ کے مشرقی اور مغربی اضلاع کے علاوہ چمن، پشین، قلعہ عبداللہ، مستونگ، خضدار، حب، چاغی، خاران، نوشکی، ژوب، لورالائی، دکی، بارکھان، کوہلو، موسیٰ خیل، شیرانی، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، کچھی، جھل مگسی، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، اوستہ محمد، برشور، قلات، سیوی، ڈیرہ بگٹی نارتھ اور ساؤتھ کے مختلف علاقوں کے علاقوں میں چلائی جائے گی۔ انعام الحق نے کہا کہ خطے میں پولیو وائرس کی مسلسل موجودگی بدستور تشویش کا باعث ہے۔ ان کے مطابق پڑوسی ملک افغانستان میں پولیو کے تقریباً 50 کیسز جبکہ پاکستان میں سات کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جس کے باعث بچوں کو وائرس سے محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں نومبر 2024 کے بعد پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ صوبے میں نئے کیسز سامنے نہ آنے کے باوجود خطے کے دیگر حصوں میں وائرس کی موجودگی کے باعث صوبے میں وائرس کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے کہا کہ بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانا ان کی قوت مدافعت برقرار رکھنے اور وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کو روکنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے والدین اور سرپرستوں سے اپیل کی کہ وہ مہم کے دوران ویکسینیشن ٹیموں سے تعاون کریں اور پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں، خواہ انہیں گزشتہ مہمات کے دوران بھی قطرے کیوں نہ پلائے گئے ہوں۔ انعام الحق نے اساتذہ، علمائے کرام اور سول سوسائٹی کے نمائندوں پر بھی زور دیا کہ وہ عوام میں آگاہی پیدا کریں اور خاندانوں کو انسداد پولیو مہم میں بھرپور شرکت کی ترغیب دیں۔

بقیہ 31

کوئٹہ سے مربوط کوٹوال علاقائی کانفرنس کے خطے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ اس سے پہلے کوٹوال علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کی ضلعی سینئر معاون سیکرٹری ندا سنگر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں سابقہ علاقائی سیکرٹری نے تنظیمی و سیاسی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی، جس کا جائزہ لینے کے بعد منظور کیا گیا اور نئے علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ ایگزیکٹو میں عبیداللہ سنزر علاقائی سیکرٹری، تاج الدین کاسی سینئر معاون سیکرٹری معاونین سمیع اللہ مینزئی، اصغر مشوانی، اسمعیل خان مشوانی، عرفان کاسی، خان کاکڑ، رازمحمد وطنیار منتخب ہوئے۔ نئے ایگزیکٹو سے صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری زمان خان کاکڑ اور دیگر ہنماں نے خطاب کیا جبکہ کہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض صوبائی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر نے انجام دیے۔

بقیہ 01

کوئٹہ سے مربوط کوڑوال علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ اس سے پہلے کوڑوال علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کی ضلعی سینئر معاون سیکرٹری ندا اشکر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں سابقہ علاقائی سیکرٹری نے تنظیمی وسیاسی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی، جس کا جائزہ لینے کے بعد منظور کیا گیا اور نئے علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ ایگزیکٹو میں عبید اللہ سنزر علاقائی سیکرٹری، تاج الدین کاسی سینئر معاون سیکرٹری معاونین سمیع اللہ مہترزئی، اصغر مشوانی، ایمل خان مشوانی، عرفان کاسی، خان کاکڑ، راز محمد وطنیار منتخب ہوئے۔ نئے ایگزیکٹو سے صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری زمان خان کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا جبکہ کہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض صوبائی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر نے انجام دیئے۔ مقررین نے کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر پارٹی کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تنظیمی اداروں کو فعال اور مضبوط بنانا قومی سیاسی تحریک کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی کے قومی جمہوری نظریات اور پروگرام کو عوام تک پہنچانے اور پشتون قومی حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد مزید منظم کریں۔ دریں اثنا پشتونخوانیپ وزیر کاسی کاریز علاقائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پشتونخوانیپ اپنے عوام کی امنگوں کی ترجمان قومی سیاسی جماعت ہے، جو کوئٹہ شہر سمیت تمام جنوبی پشتونخوا کے عوام کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ کوئٹہ کے تمام شہری، خواہ ان کا تعلق کسی بھی قومیت اور زبان سے ہو، پشتونخوانیپ کے پلیٹ فارم سے اپنے حقوق کے دفاع اور ان کے حصول کے لیے سیاسی جدوجہد کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کوئٹہ کے تمام شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پشتونخوا نیپ کے پلیٹ فارم سے متحد ہو کر اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کوئٹہ شہر سے مربوط وزیر کاسی کاریز علاقائی یونٹ کے کانفرنس سے اپنے صدارتی خطاب میں کیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان شیرانی، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس میں علاقائی سیکرٹری نے گزشتہ تین سالہ کارکردگی کی تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کا مندوبین نے جائزہ لینے کے بعد منظوری دی۔ بعد ازاں علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا، جس کے نتیجے میں عصمت اللہ خان ترین سیکرٹری، فرید کمال سینئر معاون جبکہ نعمان خان باروزئی، سہیل راجپوت، محمد اشرف ترین، محمد صدیق، وحید خان کاکڑ ایڈووکیٹ، صدام خان زرکون، فیض افغان، زین اللہ، نصیب اللہ اور محمد قاسم اچکزئی معاونین منتخب ہوئے۔ پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے نو منتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے لاکھوں عوام اس وقت جن مشکلات اور اذیتوں سے دوچار ہیں، وہ ناقابل بیان ہیں۔ گیس پریشر کی شدید کمی اور گیس کمپنی کی جانب سے بھاری بلوں کا ارسال کرنا غریب عوام کے لیے ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال، بالخصوص مرکزی شہر اور اس کے گردونواح میں گندگی کے ڈھیر، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور پانی کی عدم دستیابی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے کوئٹہ شہر کے بنیادی مسائل کے حل اور ترقی کے لیے کوئی قابل ذکر اقدام نہیں کیا، جبکہ صوبے کے چیف ایگزیکٹو نے محض چند ہزار آبادی پر مشتمل اپنے علاقے میں چالیس سے پچاس ارب روپے خرچ کر کے ترقیاتی منصوبوں کا ایک ایسا سلسلہ شروع کیا ہے، جس میں ضرورت سے زیادہ سڑکیں، کالج، اسپتال اور دیگر منصوبے تعمیر کیے گئے ہیں۔ ایسے اسپتال موجود ہیں جہاں مریض نہیں، کالج اور اسکول ہیں جہاں طلبہ موجود نہیں۔ چند ہزار افراد پر مشتمل علاقے پر اربوں روپے خرچ کرنا کسی طور بھی انصاف کے تقاضوں کے مطابق نہیں۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ شہر صوبے کا دارالحکومت اور صوبے کے عوام کی ایک بڑی تعداد کا مسکن ہے، لیکن اس کے باوجود شہر کی ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے کوئی سنجیدہ اور مؤثر منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔ شہر میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہے، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جگہ جگہ ٹریفک جام رہتا ہے اور امن و امان کی صورتحال بھی تشویشناک ہے۔ ان حالات نے عوام اور تاجروں کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ بے روزگاری اور دیگر بنیادی مسائل نے بھی شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کی حالت بہتر بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر ترقیاتی فنڈز اور ایک جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، تاکہ شہر کو اس قابل بنایا جا سکے کہ یہاں آنے والے افراد یہ محسوس ہو کہ وہ کسی صوبے کے دارالحکومت میں داخل ہوئے ہیں۔ افسوس کہ موجودہ صورتحال میں کوئٹہ شہر ایک تباہ حال اور پسماندہ علاقے کا منظر پیش کر رہا ہے۔ مقررین نے واضح کیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کوئٹہ شہر کے عوام کو درپیش مسائل اور حکومتی ناانصافیوں کے خلاف بھرپور سیاسی جدوجہد کرے گی اور عوام کو ساتھ ملا کر ایک منظم احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا۔

بقیہ 02

کے لیے قائم پارلیمانی کمیٹی میں اپوزیشن کو بھی نمائندگی دی جائے تاکہ قانون سازی کا عمل زیادہ مؤثر اور جامع بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ حکومتی جماعت کے پاس قانون سازی کے لیے مطلوبہ تعداد موجود ہے، تاہم اپوزیشن کی شمولیت سے جمہوری نظام اور پارلیمانی کارروائی کو مزید تقویت ملے گی۔ پارلیمانی کمیٹیاں قانون سازی کے عمل کا اہم اور لازمی جزو ہیں، اس لیے اپوزیشن کو ان فورمز پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ نیر بخاری کا کہنا تھا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے صرف 17 نشستوں کے ساتھ اپوزیشن میں رہتے ہوئے بھی پارلیمان میں ذمہ دارانہ اور مؤثر کردار ادا کیا تھا۔ پارلیمانی کمیٹیوں میں برابر نمائندگی کا مطالبہ قانونی تقاضوں سے مطابقت نہیں رکھتا، کیونکہ جب ایوان میں سیاسی جماعتوں کی نمائندگی برابر نہیں تو کمیٹیوں میں بھی یکساں نمائندگی کا مطالبہ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران انتخابی قوانین میں اصلاحات کے حوالے سے کوئی قانون سازی نہیں ہو سکی۔ ان کا کہنا تھا کہ انتخابی نظام میں بہتری کے لیے قوانین میں ضروری ترامیم کی جائیں اور سزا و جزا کے ضابطوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ انتخابات کے بعد دھاندلی کے الزامات اور تنازعات کی گنجائش کم سے کم رہ جائے۔ پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کو چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے دو ارکان کی تقرری کے معاملے پر وزیراعظم سے ملاقات کرنی چاہیے

تاکہ آئینی طریقہ کار کے مطابق تقرریوں کا عمل مکمل کیا جا سکے۔ وزیراعظم ہاؤس اور وزیراعظم و اپوزیشن لیڈر کے چیمبرز کسی فرد کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ ریاست کے ادارے اور دفاتر ہیں۔ سید نیر حسین بخاری نے مزید کہا کہ پارلیمانی سیاست میں گالم گلوچ اور دشنام طرازی کا کوئی مثبت کردار نہیں، مہذب گفتگو اور پارلیمانی روایات کی پاسداری ہی سیاست دانوں کی حقیقی پہچان ہونی چاہیے۔ پیپلز پارٹی سیاسی انتقام کی مخالف ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو شائستگی، تحمل اور جمہوری اقدار کو مقدم رکھتے ہوئے ذمہ دارانہ طرز سیاست اختیار کرنا چاہیے۔

بقیہ 03

بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے تاہم سوئی گیس کمپنی نے کمرشل کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی ہے۔ سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پیٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے

بقیہ 04

ترسیل کا سلسلہ جاری ہے اور اس وقت پٹ فیڈر کینال میں 3500 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جس سے کاشتکاروں کو درپیش پانی کی قلت اور مشکلات میں کمی آئے گی۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زمینداروں کے وسیع تر مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پانی کی منصفانہ تقسیم اور فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پٹ فیڈر کینال کے دورے اور پانی کی فراہمی کے نظام کا جائزہ لینے کے موقع پر کاشتکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر عبدالظاہر مینگل بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ شمس الملک بادینی نے کہا کہ پانی کی فراہمی میں اضافے کے بعد ربیع کینال اور پٹ فیڈر کینال کی تمام ذیلی شاخوں میں زرعی پانی منصفانہ بنیادوں پر تقسیم کیا جا رہا ہے تاکہ ہر زمیندار کو اس کے حصے کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈویژنل افسران پانی کی تقسیم اور فراہمی کے تمام انتظامات کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں جبکہ وہ خود بھی مختلف ذیلی شاخوں کا اچانک دورہ کر کے پانی کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا کوتاہی نہ ہو اور کسی بھی کاشتکار کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے پائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ربیع سیزن کے دوران زمینداروں کو زرعی پانی کی بلاتعطل اور منصفانہ فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 05

سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ نے سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان سیدال خان لونی کے والد محترم، معروف مصنف سابق صوبائی سیکرٹری عبدالعزیز خان لونی کے انتقال پر گہرے دکھ، رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ عبدالعزیز خان لونی ایک باوقار، باصلاحیت اور فرض شناس افسر تھے، جنہوں نے دوران ملازمت بلوچستان کی انتظامی و ترقیاتی امور میں اپنی صلاحیتوں، تجربے اور پیشہ ورانہ خدمات کے ذریعے نمایاں کردار ادا کیا، ان کی خدمات، اصول پسندی، خلوص اور عوامی وسرکاری امور سے وابستگی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم عبدالعزیز خان لونی کی وفات نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ ان تمام حلقوں کیلئے ایک بڑا صدمہ ہے جو ان کی شخصیت، کردار اور خدمات سے واقف تھے، بالخصوص سیدال خان لونی کیلئے والد جیسی عظیم ہستی کی جدائی ایک ناقابل تلافی ذاتی نقصان ہے، جس کا دکھ الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ سید ندیم عالم شاہ اور سید فیروز شاہ نے سوگوار خاندان، بالخصوص سیدال خان لونی سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے اور تمام پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

بقیہ 06

رآمد نہ ہونے کی صورت میں 10 نومبر کے بعد عوام کو ساتھ لے کر بھرپور احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ اس حوالے سے آل پارٹیز مستونگ کی جانب سے سراوان پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس منعقد کی گئی، جس میں جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا شبیر احمد عثمانی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی محمد انور مینگل، نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر سکندر ملازئی، جماعت اسلامی کے رہنما نصیب اللہ شاہوانی، جمعیت علمائے پاکستان کے ضلعی امیر عبدالوحید ربانی، پاکستان تحریک انصاف کے بانی رہنما میر نوروز خان لنگرزئی، انجمن تاجران کے صدر نذیر احمد نورزئی سمیت مختلف سیاسی وسماجی جماعتوں کے رہنماں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ مستونگ کے عوام بنیادی انسانی سہولیات سے محروم ہیں اور ضلع مسائلستان بن چکا ہے۔ موسم سرما کی شدت کے باوجود شہر میں گیس پریشر کا بحران برقرار ہے، جبکہ درجہ حرارت منفی 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے کے باوجود شہریوں کو گیس کی سہولت میسر نہیں۔ دوسری جانب بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا یہ عالم ہے کہ ضلعی ہیڈ کوارٹر میں 24 گھنٹوں کے دوران بمشکل دو سے تین گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے۔ مقررین نے کہا کہ اکثر سے شہر کے تمام اہم لنک روڈز بند ہیں، جس کے باعث شہریوں، خصوصاً بچوں، خواتین، بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو اسپتال منتقل کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام بند راستے فوری طور پر کھول کر آمدورفت بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے ٹیوب ویلز بند ہونے کے باعث پانی کا شدید بحران پیدا ہو گیا ہے اور شہری پینے کے پانی کے حصول کے لیے پریشان ہیں۔ متعلقہ محکمے عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے صرف یقین دہانیوں تک محدود ہیں۔ آل پارٹیز رہنماؤں نے ضلع میں امن وامان کی خراب صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں شہریوں کو دن دہاڑے لوٹا جا رہا ہے، جبکہ ملزمان آسانی سے فرار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے پولیس اور انتظامیہ سے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔ مقررین نے بینکوں کی طویل بندش، انٹرنیٹ سروس کی معطلی، میونسپل کمیٹی کی ناقص کارکردگی اور شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال پر بھی برہمی کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بینکوں کی بندش سے کاروباری

انسداد پولیو مہم کیلئے 8 ہزار 888 ٹیمیں تشکیل دی گئیں ہیں، بلوچستان میں نومبر 2024 کے بعد پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا

خطے میں پولیو وائرس کی مسلسل موجودگی بدستور تشویش کا باعث ہے، انعام الحق

صوبے کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 31 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے سات روزہ مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق کے مطابق مہم کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ صوبے بھر میں بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے 8 ہزار 888 ویکسینیشن ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ مہم کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

آئندہ تین ماہ کے اندر ایک جامع لائحہ عمل تیار کیا جائے گا، سومر خان

منگریہ ہاؤس صحبت پور بلوچستان میں منگریہ برادری کا عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا

فرید آباد (آن لائن) منگریہ ہاؤس صحبت پور بلوچستان میں منگریہ برادری کا عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا اجتماع میں منگریہ برادری بلوچستان کے ضلع صحبت پور کے مختلف مقامات سے برادری کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، جن میں نمایاں طور پر سومر خان منگریو، محمد موسیٰ خان منگریو، نیاز علی ارشاد علی منگریو بختیار منگریو ڈاکٹر لیاقت علی منگریو سمیت سینکڑوں معززین شامل تھے۔ اجتماع کے میزبان رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے قوم کے معززین کی آمد پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ تمام معززین کی شرکت ہمارے لیے باعث فخر ہے۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باوجود امارات کی کرپٹو معیشت میں 32 فیصد اضافہ

ابوظہبی (آن لائن) علاقائی جنگ اور عالمی تنازع کے کرپٹو مارکیٹ میں مندی کے باوجود متحدہ عرب امارات کی کرپٹو معیشت میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد یو اے ای 2027 میں ترکیہ کو پیچھے چھوڑ کر مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ (مینا) کا سب سے بڑا کرپٹو مرکز بن سکتا ہے۔ بلاک چین تجزیاتی ادارے چین (باقی صفحہ 3 نمبر 37)



کوئٹہ، اوپل کراون ایجوکیشنل اکیڈمی کی سالانہ رزلٹ تقریب کے موقع پر قبائلی وسماجی رہنماء ہاشم کاکڑ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تنظیمی اداروں کو فعال اور مضبوط بنانا قومی سیاسی تحریک کی کامیابی کیلئے ناگزیر ہے، پشتونخوا نیپ

پارٹی کے منشور و آئین پر عملدرآمد اور اپنے عوام کے حقوق کیلئے بروقت آواز اٹھانے پر آج پارٹی ہمارے غیور عوام کی ہردلعزیز تحریک کا روپ دھار چکی ہے

کوئٹہ شہر سمیت تمام جنوبی پشتونخوا کے عوام کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، محمد عیسیٰ روشان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور خان، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیپ کی نظریات اصولی سیاست اور پارٹی کے منشور و آئین پر عملدرآمد اور اپنے عوام کے حقوق کیلئے بروقت آواز اٹھانے پر آج پارٹی ہمارے غیور عوام کی ہردلعزیز تحریک کا روپ دھار چکی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی

ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کروانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں، ذرائع

ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے

لاہور (نیوز ایجنسیاں) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر غیر معینہ مدت تک پابندی بڑھا دی۔ ذرائع کے مطابق اس ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیے گئے ہیں جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کروانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

پیپلز پارٹی کا اپوزیشن کو پارلیمانی کمیٹیوں میں واپس آنے کا مطالبہ

پارلیمانی کمیٹیاں قانون سازی کا لازمی حصہ ہیں، پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد ایک مضبوط اور مستحکم ریاست کا قیام ہے، انتخابی اصلاحات کے لیے اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹیوں میں واپسی ناگزیر ہے۔ اپوزیشن کو احتجاجی سیاست کے بجائے پارلیمان میں اپنے آئینی اور نمائندہ کردار کی ادائیگی پر توجہ دینی چاہیے۔ اپنے بیان میں سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو اس بات پر فخر ہے کہ اس نے ملک کو متفقہ آئین دیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری چاہتے ہیں کہ انتخابی قوانین میں اصلاحات (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کا عالمی دن 2 نومبر پیر کو منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کے تحت ہر سال دو نومبر کو یہ دن منایا جاتا ہے اس سلسلے میں جہانیاں سمیت ملک بھر میں صحافتی تنظیموں کے زیر اہتمام ریلیاں نکالی جائیں گی

قوم ملک کو درپیش قومی و عالمی چیلنجز کا واحد حل اسلام کا عادلانہ نظام ہے

علما مشائخ اس نازک حالات میں خانقاہوں سے باہر اکر اس پر فتن دور میں قوم کے رہنماء وقیادت کریں

قادیانیت اور مرزائیت فتنے کا سد باب اسلام کا عادلانہ نظام میں ہے جو مسلمانوں کے عقائد وحقوق کا محافظ ہے

کوئٹہ (آن لائن) علما مشائخ اس نازک حالات میں خانقاہوں سے باہر اکر اس پر فتن دور میں قوم کے رہنماء وقیادت کریں ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کیا میر شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا انوار الحق جمعیت طلبا اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی صدر عبدالرحیم صبا مولوی محمد جیلانی عزیز الحق درویش اور دیگر نیوں کلی کیز زیر اہتمام منعقدہ (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

پٹ فیڈر کینال میں 3500 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے، شمس الملک بادینی

زرعی پانی کی فراہمی میں اضافے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (ح ن) نصیر آباد ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی نے کہا ہے کہ ربیع سیزن کے دوران کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی میں اضافے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، سندھ سے پٹ فیڈر کینال میں پانی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

عدالتی فیصلے پر شفاف قانونی نظر ثانی کو یقینی بنایا جائے، بی این پی

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو دس، دس سال قید کی سزا سنانا قابل مذمت ہے، مرکزی بیان

قانونی اور انسانی حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والے وکلا کو سخت سزائیں سنانا باعث تشویش ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی بیان میں ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور ہادی علی چٹھہ ایڈووکیٹ کو کار سرکار میں مداخلت کے مقدمے میں دس، دس سال قید کی سزا سنائے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی انتقامی کارروائی اور بنیادی انسانی حقوق کی پامالی سے تعبیر کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ قانونی اور انسانی حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والے وکلا کو سخت سزائیں سنانا باعث (باقی صفحہ 3 نمبر 35)



ساکران: میر علی حسن زہری حسن پیر ساکران میں پیپلز پارٹی کے گرینڈ شمولیت جلسے سے خطاب کر رہے ہیں۔ جلسے میں ہزاروں افراد شریک ہیں

پاکستان کا ون ڈے فائنل میں سب سے بڑا ہدف حاصل کرنے کا ریکارڈ قائم

فائنل میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان مجموعی طور پر 656 رنز بنائے گئے

لاہور (آن لائن) پاکستان نے سری لنکا کو شکست دے کر سہ ملکی ون ڈے سیریز کا فائنل جیتنے کے ساتھ کئی اہم ریکارڈز بھی اپنے نام کر لیے۔ لاہور میں کھیلے گئے فائنل میں پاکستان نے 326 رنز کا ہدف کامیابی سے حاصل کیا، جو ون ڈے فائنل کی تاریخ کا مشترکہ طور پر سب سے بڑا کامیاب تعاقب ہے۔ اس سے قبل بھارت نے 2002 میں ویسٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

جاپانی قونصل جنرل کا عبدالعزیز خان لونی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ اور حکومت پاکستان کے مشیر برائے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

مستونگ کے بنیادی مسائل حل نہ ہوئے تو 10 نومبر کے بعد بھرپور احتجاجی تحریک چلائیں گے، آل پارٹیز کا الٹی میٹم

مستونگ (یو این اے) آل پارٹیز مستونگ نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کو 10 نومبر تک عوامی مسائل حل کرنے کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مطالبات پر عملد (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بچوں کو مبینہ طور پر نشہ آور چیز پلا کر بلیک میل کرنے کے الزام میں تمام ملزمان کی گرفتاری قابل تحسین ہے، مولانا شعیب جدون

گرفتار ملزمان کے خلاف شفاف تحقیقات اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، جمعیت علما اسلام

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے نائب امیر اور پولیس انتظامیہ کمیٹی کے چیئرمین مولانا محمد شعیب جدون نے ڈی آئی جی عمران شوکت، ایس ایس پی ضیا مندوخیل، ایس پی شفقت جنجوعہ، ڈی ایس پی شوکت جدون اور ایس ایچ او تھانہ بروری کی زیر نگرانی بروری پولیس کی جانب سے بچوں کو مبینہ طور پر نشہ آور چیز پلا کر بلیک میل کرنے کے الزام میں (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ملک پر مسلط نظام سے پوری قوم بیزار ہو چکی ہے، مولانا قادر لونی

جابرانہ وظالمانہ نظام کی فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ڈپٹی سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی مرکزی سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

قلعہ عبداللہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر، ضلعی ہیڈکوارٹر کی منتقلی جرائم میں اضافے کی وجہ ہے، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ نے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان تنگ مسے زئی میں مسلح جتھوں کی جانب سے ایک قبائلی شخصیت کے گھر پر حملے کی شدید مذمت کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

وزیر اعظم یوتھ حب میں ابتک 9 لاکھ سے زائد نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، چوہدری نعیم کریم

معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور پائیدار امن و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں، فوکل پرسن

رانا مشہود بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلی تعلیم کی فراہمی اور انہیں ہنرمند بنانے کیلئے خصوصی توجہ دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ پاکستان کی ایک بڑی آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے وفاقی حکومت نوجوانوں کو تعلیم کی سہولیات اور انہیں مختلف ہنر سکھانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے منصوبے کا اعلان کیا ہے جس سے نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہیے۔ مسلم لیگ (ن) کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مرحوم حاجی نیاز محمد آغا حسن زئی کی بیوہ وفات پا گئیں

کوئٹہ (آن لائن) مرحوم حاجی نیاز محمد آغا حسن زئی کی بیوہ وفات پا گئیں۔ مرحومہ حاجی باز محمد، عطاء محمد، نصیب اللہ کی بھابھی، حاجی سیف اللہ، سعد اللہ، شمس اللہ کی والدہ و ماجدہ تھیں۔ مرحومہ کو پشتون باغ قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ فاتحہ خوانی افغان روڈ پشتون باغ میں جاری ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

جے ٹی آئی کوئٹہ کے وفد کی پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی نومنتخب کابینہ سے ملاقات

طلباء کی فلاح وبہبود، تعلیمی ترقی اور مثبت باہمی روابط کے فروغ کے حوالے سے نیک تمناؤں کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے ایک وفد نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی نومنتخب صوبائی کابینہ سے ملاقات کی اور انہیں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وفد میں جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن، جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی، صوبائی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

جبل نور قبرستان کی اراضی کا تنازعہ سب کے سامنے ہے، سردار صلاح الدین محمد حسنی

کوئٹہ (آن لائن) اہلیان جبل نور و اہل علاقہ بروری سردار صلاح الدین محمد حسنی نے حکومت کو 3 روز کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر جبل نور قبرستان بروری کے 14 ایکڑ اراضی کا بورڈ آف ریونیو کے حکام کے مطابق عملدرآمد کرتے ہوئے حد بندی نہ کی گئی تو ہم آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے میر غلام علی زہری، میر باری داد محمد حسنی، ٹکری عبدالواحد بکری عر (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ہرنائی میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی کی جائے، پاک ویلفیئر سوسائٹی کا مطالبہ

ہرنائی (یو این اے) پاک ویلفیئر سوسائٹی نے وفاقی وزیر داخلہ، صوبائی وزیر داخلہ، چیئرمین نادرا اور ایف آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع ہرنائی میں بھی ملک کے دیگر صوبوں کی طرح (باقی صفحہ 3 نمبر 13)



کوئٹہ، صوبائی وزیر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی سے پی پی پی کے مرکزی رہنما روزی خان کاکڑ و دیگر کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پارٹی کی مضبوطی کے لیے تمام کارکنوں اور عہدیداروں کو باہمی اتحاد، نظم وضبط اور یکجہتی کے ساتھ کام کرنا ہوگا

پارٹی کی مضبوطی کیلئے پارٹی کارکنوں کو متحرک اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا، جمال شاہ کاکڑ

پارٹی کو بلوچستان بھر میں مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے کارکنوں کو ساتھ لے کر چلیں گے، ایم این اے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پارٹی کی تنظیمی مضبوطی اور فعالیت میں کارکنوں کا کردار کلیدی اہمیت رکھتا ہے، کارکن پارٹی کا سرمایہ ہیں اور ان کی محنت، وابستگی اور سیاسی جدوجہد ہی جماعت کو مضبوط بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پا (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

چین میں تیار کیا گیا پہلا مقامی ساختہ ایک لاکھ کارڈز پر مبنی اے آئی سپر کلسٹر عام شہریوں کے لیے پیش کر دیا گیا

بیجنگ (سی ایم لنکس) چین میں رواں سال تیار کیا گیا پہلا مقامی ساختہ ایک لاکھ کارڈز پر مبنی اے آئی سپر کلسٹر عام شہریوں کے لیے پیش کر دیا گیا۔ سی جی ٹی این کے مطابق گزشتہ روز چین کے شہر شنژن میں منعقدہ نیشنل ہائی پرفارمنس کمپیوٹنگ کانفرنس 2026 میں پہلا چینی ساختہ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)



کراچی: پیپلز پارٹی کے کارکنان کے۔الیکٹرک اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کی جانب سے ظالمانہ لوڈشیڈنگ کے خلاف کے پی سی کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

جامعہ تربت کے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 20 نومبر 2026 مقرر

جامعہ تربت کا چوتھا کانووکیشن اگلے سال جنوری کے مہینے میں منعقد ہوگی

تربت (آن لائن) جامعہ تربت نے جنوری 2027 میں اپنا چوتھا کانووکیشن منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کانووکیشن میں شرکت کے خواہش مند گریجویٹس کے لیے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 20 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق 2025 میں اپنی ڈگری مکمل کرنے والے ریگولر بی ایس، ایم ایس اور ایم فل گریجویٹس مقررہ تاریخ تک رجسٹریشن کروا کر کانووکیشن میں شرکت کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن فیس 3,500 روپے مقرر کی گئی ہے، جو بینک چالان یا بینک ڈرافٹ کے ذریعے جامعہ تربت کے ڈائریکٹر فنانس (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول زیارت میں 25 دسمبر کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد

زیارت (آن لائن) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول زیارت میں 25 دسمبر کو بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا یوم ولادت (قائداعظم ڈے) شایان شان اور بھرپور انداز میں منانے کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع زیارت کے مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

یکم نومبر ڈوگرہ راج کے خلاف گلگت بلتستان کے غیور عوام کی تاریخی جدوجہد کا دن ہے، حیات خان اچکزئی

بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت گلگت بلتستان میں پی پی پی کی حکومت کی بااختیار پالیسیاں خطے کی خوشحالی کی ضامن ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے یکم نومبر یوم آزادی گلگت بلتستان کے تاریخی و پرمسرت موقع پر گلگت بلتستان کے غیور عوام، غازیوں اور شہدا کے لواحقین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1 نومبر 1947 پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہرا، درخشندہ اور ناقابل فراموش باب ہے۔ حیات خان اچکزئی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے غیور اور غیرت مند عوام نے ڈوگرہ راج کے غاصبانہ تسلط کو پاش پاش کیا اور غیر مشروط اسلامی جمہوریہ پاکستان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

لیبیا میں مارٹر گولہ پھٹنے سے آٹھ افراد ہلاک، 8 زخمی

طرابلس (سی ایم لنکس) لیبیا کے شہر زاویہ میں مارٹر گولہ پھٹنے سے کم از کم 8 افراد ہلاک اور 8 دیگر زخمی ہو گئے۔ شنہوا کے مطابق یہ دھماکا طرابلس سے تقریباً 60 کلومیٹر مغرب میں واقع علاقے الحرشہ میں ہوا جہاں سکیورٹی تھریس کا میٹنگ ایجنسی سے وابستہ ایک کیمپ میں مارٹر گو (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

سوراب میں اسکولوں کے اضافی کمروں کی تعمیر کے لیے کمیونٹی چیئرمینوں کی مبینہ غیر قانونی تعیناتیوں پر سول سوسائٹی گدر کا احتجاج

غیر قانونی تعیناتیوں کی فہرست عام اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، سول سوسائٹی گدر کا محکمہ تعلیم کو الٹی میٹم

سوراب (یو این اے) سول سوسائٹی گدر نے ضلع سوراب کے پرائمری اور مڈل اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر کے لیے قائم کمیونٹی کمیٹیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

آزادی اظہار رائے ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے، پشتونخوا نیپ

تحقیقات میں کسی قسم کا دبا، جانبداری یا غیر ضروری ہراسانی نہ ہو، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ظہیر اچکزئی، ہمایون اچکزئی (کو قومی سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کوئٹہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر مبینہ ہتک عزت، ہراسانی، بلیک میلنگ اور کردار کشی کے الزامات کے تحت طلب کرنے پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے اور اس حق کو دبانے، اختلافی آوازوں کو خاموش کرنے اور سیاسی وسماجی کارکنوں کو خوفزدہ کرنے کے لیے سرکاری اداروں کا استعمال کسی صورت قابل قبول (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

انجینئر تیمور ریاض کے والد محترم ریاض احمد انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) انجینئر تیمور ریاض کے والد محترم جناب ریاض احمد گزشتہ شب انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ آج یکم نومبر بروز اتوار بعد نماز مغرب میاں اسماعیل مسجد، وفا روڈ نزد طوغی روڈ کوئٹہ میں ادا کی جائے گی، جس کے بعد مرحوم کو کاسی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی کل بروز پیر سے ان کی رہائش گا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پاک چین دوستی ہمیشہ کیلئے قائم و دائم رہے گی، کرن حیدر

مرکزی قائدین کی کامیاب حکمت عملی سے پاکستان ترقی خوشحالی کی جانب گامزن ہے

سبی (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن خواتین ونگ کی مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی کرن حیدر نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن عوام کو درپیش مسائل کے حل سمیت ملک وقوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سمیت مرکزی قائدین کی کامیاب حکمت عملی سے پاکستان ترقی خوشحالی کی جانب گامزن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ایک طرف کوئٹہ شہر میں گیس نہیں ہے تو دوسری طرف عوام کو بھاری بل بھیجے جا رہے ہیں جو قابل مذمت ہے

صوبے کے سرد علاقوں میں موسم سرد ہوتے ہی گیس پریشر دم توڑ چکا ہے، لالہ یوسف خلجی

پائپ لائنوں میں گیس کی بجائے ہوا آنے لگی ہے جس نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور صوبے کے سرد علاقوں میں موسم سرد ہوتے ہی گیس پریشر دم توڑ چکا ہے اور پائپ لائنوں میں گیس کی بجائے ہوا آنے لگی ہے جس نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، ایک طرف کوئٹہ شہر میں گیس نہیں ہے تو دوسری طرف عوام کو بھاری بل بھیجے جا رہے ہیں جو قابل مذمت ہے سوئی سدرن گیس کمپنی بلوچستان کے صارفین کے ساتھ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)



کوئٹہ، اوپل کراون ایجوکیشنل اکیڈمی کی سالانہ رزلٹ تقریب کے موقع پر قبائلی وسماجی رہنماء ہاشم کاکڑ اور اوپل کراون کے سی ای او حاجی طاہر خان اچکزئی طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

بلوچستان یونیورسٹی لاء کالجز کے فوری امتحانات منعقد کرے، طلباء

امتحانات کی تاریخوں کا اعلان کر کے طلباء وطالبات کا قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچائے

خضدار (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی سے منسلک تمام پرائیویٹ لاء کالجز کے طلباء نے اپنے مشترکہ بیان میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سالانہ امتحانات کو فوری طور پر منعقد کیا جائے اور ان کے شیڈول کا اعلان کیا جائے طلباء کا کہنا ہے کہ پانچ سالہ پروگرام کے طویل دورانیے کی وجہ سے ان کا تعلیمی حرج پہلے ہی ہو چکا ہے، اور اب سالانہ امتحانات کا (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

ایرانی و قطری حکام کے دوحہ میں مذاکرات جاری

دوحہ (آن لائن) ایران اور قطر کے حکام نے دوحہ میں مذاکرات کیے جن میں خلیجی خطے میں جنگ کے خاتمے اور امریکا کے ساتھ کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قطری ثالثوں نے امریکا اور ایران کے درمیان اعتماد کی بحالی کیلئے 7 روزہ منصوبہ بھی پیش کیا جس کے تحت دونوں ممالک وسیع تر امن مذاکرات سے قبل روزانہ کی بنیاد پر اعتماد سازی کے اقدا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کھلاڑیوں کو بیک کرنا چاہیے، ایک دو سیریز کے بعد باہر نہیں کرنا چاہیے، شاہین آفریدی

لاہور (آن لائن) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں کو بیک کرنا چاہیے، ایک دو سیریز کے بعد باہر نہیں کرنا چاہیے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ایک سیریز جیتنے سے ورلڈکپ کی تیاری نہیں بتائی جا سکتی، ابھی مزید سیریز آگے کھیلنی ہیں، ایشیا کپ بھی کھیلنا ہے۔ انہوں نے کھلاڑیوں پر اعتماد کیے جانے کا اپنا خیال ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ فخر زمان کی مثال سب کے سامنے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

جبل نور قبرستان کی 14 ایکڑ اراضی پر مبینہ قبضہ، تین روز میں کارروائی نہ ہوئی تو احتجاج کریں گے، سردار صلاح الدین حسنی

تین روز میں مطالبات پر عملدرآمد نہ ہوا تو آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا

بورڈ آف ریونیو کے حکم پر عملدرآمد، قبرستان کی حد بندی اور تعمیراتی کام فوری بند کرائے جائیں، قبائلی رہنماؤں کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) قبائلی رہنما سردار صلاح الدین محمد حسنی نے اہلیان جبل نور اور اہلیان بروری کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے جبل نور قبرستان کی تقریباً 14 ایکڑ اراضی پر مبینہ غیر قانونی قبضے، کھدائی اور تعمیراتی سرگرمیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کو مطالبات پر عملدرآمد کے لیے تین دن کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

دالبندین پریس کلب کی کابینہ اور ممبران کا اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پادرند، نائب صدر قمر زمان گورگیج، فنانس سیکرٹری علی احمد کمال مینگل، آفس سیکرٹری فیض اللہ عابد، سرپرست اعلیٰ علی احمد ریکی، سینئر صحافیوں و بانی ممبران حاجی نور احمد سیاہ پادرند، منظور راہی بلوچ، ممبران حسین احمد کشانی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

مسلم لیگ (ن) نفرت کی سیاست کے خاتمے کیلئے کام کر رہی ہے، سید جہانگیر شاہ

جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے ریاست کے بارے میں بیانات قابل مذمت ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے ریاست کے بارے میں بیانات قابل مذمت ہیں انہیں چاہئے کہ وہ فوری طور پر ریاست کے بارے میں اپنے الفاظ واپس لیں، پاکستان میں نفرت کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں ہے مسلم لیگ (ن) نفرت کی سیاست کے خاتمے کیلئے کام کر رہی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ قومی اسمبلی میں تقریر کے دوران جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے جو الفاظ استعمال کئے وہ کسی بھی طرح (باقی صفحہ 3 نمبر 24)



کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کلی سردار سریاب میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

BSDI کے تحت تحصیل جیا خان میں ای لائبریری، اور فٹبال گراؤنڈ منصوبوں کا افتتاح

فرید آباد (ح ن) BSDI کے تحت تحصیل جیا خان میں ای لائبریری، اور فٹبال گراؤنڈ منصوبوں کا افتتاح صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کی بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے ضلع صحبت پور بالخصوص تحصیل جیا خان کے طلباء اور نوجوانو (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com